1748- بچے کی پیدائش پرایک بیوی کوھدیہ دینا

سوال

ایک شخص کے پاس دو بیویاں ہیں ، ہمارے ہاں یہ عادت ہے کہ جب بیوی کے ہاں بچہ پیدا ہوتا ہے تونفاس کے بعد خاوند اسے بطور ھدیہ کچھ دیتا ہے ، توکیا جب ان میں ایک کے ہاں بچہ پیدا ہو توھدیہ دونوں کو دینا لازم ہے یا کہ صرف بچہ جننے والی کو ہی دیا جائے ؟

پسندیدہ جواب

اصل تو یہی ہے کہ جب ایک بچہ جنے تو دوسری کوھدیہ دینا لازم نہیں کیونکہ جب اس کے ہاں بھی بچہ پیدا ہوگا تواسے بھی ھدیہ دیا جائے گا اوردوسری کو نہیں ملے گا ، لیکن یہ ہے کہ ھدیہ دینے میں عدل اور برابری جانی لازمی ہے ۔

یعنی وہ اس طرح کہ جس نے بچہ جننا اسے ایک سو بطورھدیہ دیا ہے تودوسری کو بھی وقت پیدائش سو ہی دے نہ کہ کم یا زیادہ ، اورولادت سے قبل دینا بھی لازم نہیں ۔

لیکن جب مشاکل کا خدشہ ہواوروہ یہ دیکھے کہ دونوں کوھدیہ دینے سے ان مشکلات سے نجات حاصل ہوسکتی ہے توپھر دونوں کو ہی ھدیہ دے تواچھا اور بہتر ہے اورپھر اس میں تالیف قلب بھی ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .